نام کتاب: اسلام اور عصر حاضر کے مسائل وحل

مؤلف: پروفیسر عبدالماجد

اہتمام: ہزارہ سوسائٹی فار سائنس ریلیجن ڈائیلاگ، ہزارہ

ملنے کا پتہ: علم وعرفان پبلشرز، ۳۴/اردو بازار، لاہور

صفحات: ۲۷۰

قیمت: ۱۰۰/روپے

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن (کراچی)

پروفیسر عبدالماجد عرصے سے تحقیق وتالیف کے میدان میں سرگرم عمل ہیں، اور خصوصیت کی ساتھ سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر لکھے گئے مقالات پر متعدد اعزازات بھی حاصل کر چکے ہیں، اور اب گزشتہ چند سالوں سے ہزارہ سوسائٹی فار سائنس ریلیجن ڈائیلاگ، ہزارہ کے زیر عنوان اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، اور سوسائٹی کے مجلے سائنس ریلیجن ڈائیلاگ کی ادارت کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں، زیر نظر کتاب ان کے ۱۵ مضامین ومقالات کا مجموعہ ہے، جن میں نصف سے زائد مضامین براہ راست سیرت طیبہ سے تعلق رکھتے ہیں، اس مجموعے میں درج ذیل عنوانات کا احاطہ کیا گیا ہے،

۱۔عدم برداشت کا قومی وبین الاقوامی رجحان اور تعلیمات نبوی ﷺ، ۲۔مثالی نظام تعلیم، سیرت طیبہ کی روشنی میں، ۳۔اسلامی ثقافت کے آئینے میں نوجوان نسل کا کردار، ۴۔عصر حاضر کے مسائل اور ان کا حل، ۵۔تعمیر شخصیت اور فلاح انسانیت، ۶۔بے لاگ احتساب، سیرت طیبہ کی روشنی میں، ۷۔اسلامی فلاح مملکت اور اس کے قیام کے لئے عملی تجاویز، ۸۔مسلم اسپین کا انسانی تہذیب میں کردار، ۹۔اسلام میں عورتوں کے حقوق وفرائض، ۱۰۔وقت، انسان کی سب سے قیمتی متاع، ۱۱۔ایک اہم تنبیہ، ۱۲۔آزادی کا مفہوم، ۱۳۔پرسکون زندگی کیسے حاصل ہو، ۱۴۔انسان، سکون کی تلاش میں، ۱۵۔حب رسول ﷺ اور اس کے تقاضے۔

کتاب کے عنوانات یہ بتانے کے لئے کافی ہیں کہ اس کے مباحث عصر حاضر کے حوالے سے اپنی ایک اہمیت رکھتے ہیں، پھر صاحب کتاب کے وسعت مطالعہ کے سبب کتاب میں جامعیت کا وصف بھی موجود ہے، البتہ کئی ایک حوالہ جات ثانوی ماخذ سے لئے گئے ہیں، اسی طرح کتاب کی ترتیب میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے، اور حروف خانی میں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔